# 26-01-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔قومی دارالحکومت دہلی میں یوم جمہوریہ تقریب عظیم الشان طریقہ سے منعقد ہوئی۔صدر جمہوریہ ہند دروپدی مرمو نے کرتویہ پت پر پرچم کشائی انجام دی۔

۲۔وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک کے عوام آج جوش وخروش اور فخر کے ساتھ یوم جمہوریہ منا رہے ہیں۔

۳۔سکندرآباد پریڈگراونڈ میں منعقدہ یوم جمہوریہ تقریب میں گورنر جشنو دیوورما نے شرکت کرتے ہوئے ترنگا لہرایا اور سلامی لی۔

۴۔77ویں یوم جمہوریہ تقاریب ریاست کے تمام اضلاع میں عظیم الشان طریقہ سے منائی گئی۔اضلاع میں ضلع کلکٹرس نے پرچم کشائی انجام دی۔

## Delhi

قومی دارالحکومت دہلی میں یوم جمہوریہ تقریب عظیم الشان طریقہ سے منعقد ہوئی۔صدر جمہوریہ ہند دروپدی مرمو نے کرتویہ پت پر پرچم کشائی انجام دی۔بعدازاں فوجی دستوں کی جانب سے پریڈ منعقد کی گئی جو متاثرکن تھی۔فوجی دستوں کے مظاہروں نے تمام کو متاثر کیا۔اشویکا دستہ نے پہلی مرتبہ پریڈ میں شمولیت اختیار کی۔ملک کی ترقی کے سفر، ثقافتی تنوع،فوجی طاقت اور آپریشن سندور میں استعمال ہونے والے اہم ہتھیاروں کی نمائش خصوصی توجہ کا مرکز بنے ہوئے تھے۔ یوروپی کونسل کے صدر انٹونیو کوسٹا ، یوروپین کمیشن صدر اُرسولا وانڈیرلے اِن نے مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔نائب صدر جمہوریہ ہندسی پی رادھا کرشنن، وزیراعظم نریندر مودی کے علاوہ بعض مرکزی وزرأ اور اہم شخصیات نے یوم جمہوریہ تقریب میں شرکت کی۔اس تقریب کا مشاہدہ کرنے کے لئے ہزاروں افراد آئے ہوئے تھے۔

Governor

سکندرآباد پریڈ گراونڈ میں منعقدہ یوم جمہوریہ تقریب میں گورنر جشنو دیو ورما نے شرکت کرتے ہوئے ترنگا لہرایا اور سلامی لی۔ اس موقع پر گورنر نے اپنے خطاب میں کہا کہ تلنگانہ رائزنگ 2047ء ویژن کے ساتھ ریاست کو تین ٹریلین معیشت کی طاقت میں تبدیل کرنے کا نشانہ رکھا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی حکومت کے دور میں گروپس اور ملازمین پولیس کے تقررات کا عمل کامیابی کے ساتھ مکمل کیا گیا۔ ینگ انڈیا اسکل یونیورسٹی کے ذریعہ نوجوانوں کو روزگار اور اسکلس کی تربیت دی جارہی ہے۔ زرعی شعبہ میں بھو بھارتی ایپ اور باریک دھان پر پانچ سو روپے بونس، خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے مہالکشمی جیسی اسکیمات کے ذریعہ اصلاحات کا انہوں نے ذکر کیا۔ گورنر نے کہا کہ عثمانیہ ہاسپٹل کی دوبارہ تعمیر، میڈارم کی ترقی اور ورنگل ایرپورٹ پر حکومت کی طرف سے خصوصی توجہ دی گئی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ امن وضبط کی برقراری کے معاملہ میں کسی بھی طرح کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور وکست بھارت کی تعمیر میں تلنگانہ اہم رول ادا کرے گا۔ اس تقریب میں ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرامارکہ اور دیگر عوامی نمائندے شریک تھے۔

Sound Byte

Regional Republic Day

تلنگانہ اسمبلی کے احاطہ میں 77 ویں یوم جمہوریہ تقریب شاندار پیمانہ پر منعقد ہوئی۔ اسپیکر گڈم پرسادکمار نے پرچم کشائی انجام دی اور سلامی لی۔ بعدازاں انہوں نے امبیڈکر کے مجسمہ کے پاس پہنچ کر خراجِ عقیدت پیش کیا۔ اسپیکر نے اپیل کی کہ دستور کے مطابق ہر ایک کو ملک کی ترقی میں شراکت دار بننا چاہیئے۔ اس موقع پر کونسل کے صدرنشین گوتہ سکھیندر ریڈی دیگر عوامی نمائندے اور اعلیٰ عہدیداران موجود تھے۔ اس موقع پر انہوں نے ریاست کے عوام کو یوم جمہوریہ کی مبارکباد پیش کی۔ اسی طرح ریاست بھر میں یوم جمہوریہ تقاریب عظیم الشان طریقہ سے منائی گئی۔

Parties

77 ویں یوم جمہوریہ کے موقع پر حیدرآباد کے کانگریس پارٹی کے دفتر میں پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر مہیش کمار گوڑ نے ترنگا لہرایا۔ بھارتیہ جنتا پارٹی کے دفتر میں پارٹی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے پرچم کشائی انجام دی۔ بی آر ایس پارٹی کے دفتر میں پارٹی کے کارگزار صدر تارک راما راؤ نے ترنگا لہرایا۔

Offices

یوم جمہوریہ کے موقع پر تلنگانہ ہائی کورٹ کے احاطہ میں منعقدہ تقریب میں ہائی کورٹ کے چیف جسٹس اپریش کمار سنگھ نے ترنگا لہرایا۔ حیدرآباد میں  ریاستی حقوق انسانی کمیشن کے دفتر میں آج صبح چیر پرسن ڈاکٹر جسٹس شمیم اختر نے پرچم کشائی کی رسم انجام دی۔ سکندرآباد کے ساوتھ سنٹرل ریلوے، اسپورٹس کمپلیکس میں منعقد تقریب میں جنرل منیجر سنجے کمار شریواستو نے پرچم لہرایا۔

Padma bhushan

ریاستی وزیر صحت دامودھر راج نرسمہا نے نامور کینسر کے ڈاکٹر و ماہر نوری دتا تریوڈو کو پدم بھوشن ایوارڈ عطاء کرنے پر فون کے ذریعہ مبارکباد پیش کی۔ انہوں  نے کہا کہ کینسر کے مریضوں کیلئے معیاری خدمات کی فراہمی پر دتا تریوڈو کی جانب سے انجام دی گئی جدوجہد کو شناخت حاصل ہوئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کینسر پر قابو پانے کے لئے دتا تریوڈو کے مشورے اور تجاویز حکومت کی جانب سے بھی حاصل کئے گئے۔ تا حال ریاست کے تمام اضلاع میں کینسر ڈے کیئر سنٹرس قائم کرتے ہوئے ملگ جیسے دور دراز جیسے اضلاع میں بھی مقامی طور پر حکومت کی جانب سے کیموتھراپی کی خدمات انجام دی جارہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کینسر کی ابتدائی مرحلہ میں نشاندہی کیلئے موبائل کینسر اسکریننگ یونٹ دستیاب رکھے گئے ہیں۔

Hyderabad Collector

حیدرآباد ضلع کلکٹر آفس میں یوم جمہوریہ تقریب شاندار طریقہ سے منعقد ہوئی۔ ضلع کلکٹر داسری ہری چندنا نے ترنگا لہرایا اور پولیس کی سلامی لی۔ اس موقع پر انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ ضلع کو تمام شعبوں میں سرفہرست بنانے کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ انہوں نے حکومت کی جانب سے متعارف کردہ چھ گیارنٹی اسکیمات، اندراماں مکانات، کلیان لکشمی اور وظائف پر عمل آوری کے طریقہ کار سے واقف کروایا۔ ضلع کلکٹر نے بتایا کہ خاص طور پر تعلیم کے شعبہ میں اے آئی ایکسلنسی لیابس اور صحت کے شعبہ میں بستی دواخانوں میں فراہم کی جارہی خدمات پر انہوں نے روشنی ڈالی۔ انہوں نے مزید کہا کہ معیاری خدمات کی فراہمی پر ضلع مشنری کو آئی ایس او سرٹیفکیٹ کی حصولی باعث فخر ہے۔ بعد ازاں انہوں نے نمایاں خدمات انجام دینے والے عہدیداروں کو توصیف نامے حوالہ کئے۔

Wanaparthy

ونپرتی میں واقع اماں چیرو کی بحالی کے کاموں کا رکن اسمبلی توڑی میگھا ریڈی نے آج سنگ بنیاد رکھا۔ اسٹیٹ اسپورٹس اتھاریٹی کی چیرمین شیوا سینا ریڈی نے اس پروگرام میں شرکت کی۔ امروت 2 اسکیم کے تحت تین کروڑ 14 لاکھ 50 ہزار کی لاگت سے تالاب کی بحالی کے کام کئے جارہے ہیں۔ رکن اسمبلی نے بتایا کہ آلودہ پانی سے متاثر تالاب کے پانی کو صاف کرکے اس تالاب میں صاف بارش کے پانی کی ذخیرہ اندوزی کیلئے تالاب کی بحالی کے کام کئے جارہے ہیں۔ اس موقع پر ونپرتی زرعی مارکٹ یارڈ ک صدر سرینواس گوڑ، ونپرتی شہر کے میونسپل کمشنر وینکٹیشورلو، سابق میونسپل چیرمین پی مہیش کے علاوہ کانگریس پارٹی کے کارکن اور عہدیدار موجود تھے۔

Jangaon district

یوم جمہوریہ کے موقع پر ضلع جنگاؤں میں ڈسٹرکٹ لیگل سرویس اتھاریٹی کے چیرمین وضلع کے چیف جج شریمتی بی پرتیما نے کورٹ کے احاطہ میں ترنگا لہرایا۔اس تقریب میں پرنسپل جونیر سیول جج کماری جی ششی بار اسوسی ایشن کے صدر ڈی ہری پرساد، پبلک پراسیکیوٹرس، گورنمنٹ لیڈرس، وکلاء، کورٹ کے عملہ کے علاوہ طلبہ اور طالبات موجود تھے۔

Republic Day District

77ویں یوم جمہوریہ تقاریب ریاست کے تمام اضلاع میں عظیم الشان طریقہ سے منائی گئی۔اضلاع میں ضلع کلکٹرس نے پرچم کشائی انجام دی اور دستور کی عظمت کو بیان کرتے ہوئے اس کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔

PM Republic day

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک کے عوام آج جوش وخروش اور فخر کے ساتھ یوم جمہوریہ منا رہے ہیں۔انہوں  نے سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ نئی دہلی کی کرتو یہ پت پر منعقدہ شاندار تقریب میں ملک کی جمہوری طاقت، وراثت اور اتحاد کا مظاہرہ کیا۔

Yedulapuram

ریاستی وزیر پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے واضح کیا کہ کھمم ضلع میں نو تشکیل شدہ ایدولاپورم بلدیہ کو آنے والے دونوں میں ریاست کیلئے مثالی بلدیہ میں تبدیل کرنا ہی ان کا مقصد ہے۔انہوں نے آج کھمم بلدیہ کے تحت بعض مقامات پر تقریباً ڈھائی کروڑ روپے کی لاگت کے سی سی روڈ ڈرینج کے کاموں کا سنگ بنیاد رکھا۔اِس موقع پر ریاستی وزیر نے کہا کہ ایدولاپورم میونسپلٹی کو تمام شعبوں میں ترقی دی جارہی ہے اور ہر مستحق غریب شخص کو مکان کے ساتھ ساتھ مکان کیلئے جگہ بھی فراہم کی جارہی ہے۔

PRAGATI SPECIAL STORY

وزیراعظم کے فلیگ شپ پروگرام پرو-ایکٹو گورننس اینڈ ٹائملی امپلیمنٹیشن (PRAGATI) نے اپنے 50ویں اجلاس کے بعد ایک اہم سنگ میل عبور کرلیا ہے۔سال 2015 میں وزیراعظم نریندرمودی کے آغاز کردہ اس پروگرام نے اہم بنیادی ڈھانچہ کے منصوبوں اورعوامی شکایات کا براہِ راست وزیراعظم کی جانب سے جائزہ لے کرطرزِ حکمرانی میں انقلابی تبدیلیاں متعارف کرائیں۔آج کی اس خصوصی رپورٹ میں ہم مہاراشٹر کے نیرول، بیلاپور، اُوران ریلوے لائن منصوبہ پر روشنی ڈال رہے ہیں۔نیرول، بیلاپور،اُوران ریلوے لائن ایک اسٹراٹیجک لحاظ سے نہایت اہم سبربن ریلوے انفراسٹرکچر منصوبہ ہے جسے وزارتِ ریلوے نے 2,800 کروڑ روپے سے زائد لاگت سے شروع کیا۔اس ریلوے لائن کو دومرحلوں میں نافذ کرنے کا منصوبہ بنایا گیا۔پہلا مرحلہ نیرول، بیلاپور،سیووڑ سے کھارکوپر تک۔ دوسرا مرحلہ کھارکوپر سے اُوران تک۔اس منصوبہ میں زمین کے حصول، رائٹ آف وے کی منظوری اورسٹی اینڈ انڈسٹریل ڈیولپمنٹ کارپوریشن (CIDCO) کے ساتھ مالی ہم آہنگی جیسے کئی قانونی اورانتظامی امور شامل تھے۔پورٹ پرمبنی ٹرانسپورٹ،شہری توسیع اورعلاقائی معاشی انضمام کیلئے اس منصوبہ کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے، 22 فروری 2017 کو اسے پرگتی میکانزم کے تحت جائزے کے لئے شامل کیا گیا۔ وزیراعظم نریندرمودی کی ہدایات پر وزارتِ ریلوے، CIDCO،حکومتِ مہاراشٹر،محکمہ جنگلات اورضلعی انتظامیہ نے باہمی اشتراک سے اس منصوبہ پرکام کیا۔ان کوششوں کے نتیجہ میں نیرول، بیلاپور،سیووڑ سے کھارکوپر تک پہلا مرحلہ نومبر 2018 میں کامیابی کے ساتھ شروع ہوا جبکہ کھارکوپر،اُوران سیکشن کے دوسرے مرحلہ کا افتتاح 12 جنوری 2024 کو وزیراعظم نریندرمودی نے کیا۔ان منصوبوں کی کامیابی پرگتی پروگرام کی مؤثریت، تیزرفتارنفاذ اوربہترحکمرانی کی واضح مثال پیش کرتی ہے۔

OO